علامہ ابوبکر الجصاص رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ: ''اس آیت میں اس بات کی دلیل ہے کہ جو اللہ کے اوامر میں سے کسی امر کو یا رسول کے حکم کو چھوڑے گا وہ اسلام سے خارج ہے خواہ وہ اس حکم کو شک کی بنیاد پر چھوڑے یا عدم قبول کی وجہ سے چھوڑے اس سے صحابہ رضی اللہ عنہم کے اس عمل کی تصدیق ہوتی ہے کہ انہوں نے مانعین زکوٰۃ کو مرتد سمجھا اور انہیں قتل اور قیدی بنایا کیونکہ اللہ نے یہ فیصلہ دیا ہے کہ جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے تسلیم نہیں کرتا وہ اہل ایمان میں شامل نہیں ہے''۔(احکام القرآن للجصاص:181/3)

اگر یہ حکومتیں خود شریعت نافذ کرنے سے عاجز ہیں تو پھر ان لوگوں کے خلاف کیوں لڑتی ہیں جو شریعت نافذ کرنا چاہتے ہیں حالانکہ ان کا تو یہ فرض بنتا ہے کہ جو شریعت نافذ کرنے کی بات کریں ان کو ان کا ساتھ دینا چاہیئے۔ جو لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ حکومت سوات میں مجاہدین کو شریعت قائم کرنے کی اجازت دیدیگی حالانکہ ہم سب کو یہ بات معلوم ہے کہ یہ کھلم کھلا ایک دھوکہ ہے کہ یہ سوات میں شریعت

قائم کرنے کی اجازت دیں گےاس کی چندوجوہات ہیں پہلی وجہ ہے کہ سوات میں پہلے ماضی میں کبھی شریعت اسلامیہ نافذنہیں تھی دوسری وجہ یہ ہے کہ سوات میں شرعی قوانین کی تنفیذ میں اصل رکاوٹ حکومت پاکستان ہے یہ خودرکاوٹ ڈال رہی ہےاورخود یہ کہہ رہی ہے کہ ہم مجاہدین کوشریعت قائم کرنے کی اجازت دیدیں گے تیسری وجہ مجاہدین کے خلاف قتال جوہورہاہےان کے گھربار کوتباہ کیا جارہاہےاس کی وجہ یہ ہے کہ وہ شریعت قائم کرنے کی کوشش کررہے ہیں جبکہ یہ نہیں چاہتے کہ شریعت قائم ہوبلکہ اس میں یہ رکاوٹیں ڈال رہے ہیں چوتھی وجہ ان کا یہ اعتراف کہ یہ لوگ مجاہدین کوسوات میں شریعت قائم کرنے کی اجازت دیدیں گے یہ خوداس بات کا اعتراف ہے کہ باقی پاکستان میں شریعت قائم نہیں ہے بلکہ پورے پاکستان میں طاغوتی خودساختہ قوانین نافذ ہیں پانچویں وجہ حکومت پاکستان اگرچاہےتوپورے ملک میں شریعت نافذکرسکتی ہےمگروہ عنادپرڈٹی ہوئی ہےاوررکاوٹیں پیداکرتی ہے اس کی فوج اس کام کے لئےنہیں قائم کی گئی جیسا کہ بعض لوگ یہ گمان کرتے ہیں ان کا یہ گمان باطل ہے کیونکہ یہ فوج بجائے دین قائم کرنے دین قائم کرنے والوں کے خلاف لڑنے میں مصروف ہےاورعلماء کا شروع سے لےکراب تک اس بارے میں اتفاق ہے کہ جوشریعت کے احکامات کے مقابلے میں دوسرے احکامات لاگوکرے وہ کافرہیں اسی بارے میں ابن کثیر رحمہ اللہ اللہ نے فرمان کی تفسیر کرتے ہوئے کہا ﴿اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ وَ مَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ(مائدہ:50)﴾ ’’کیا یہ جاہلیت کے فیصلے چاہتے ہیں اللہ سے زیادہ بہتر فیصلے کون کرسکتا ہے(یہ بات)یقین کرنے والی قوم کوسمجھ آسکتی ہے‘‘۔تو ابن کثیر رحمہ اللہ نے کہا اللہ تعالیٰ ان لوگوں کوانکار کررہے ہیں جواللہ کے فیصلوں سے بغاوت کرتے ہیں حالانکہ اللہ کے فیصلوں میں خیروبرکت ہےاوراسی میں ہرقسم کے شرسے منع کیا گیاہےاوراسی میں عدل وانصاف ہے جبکہ باقی لوگوں کے بنائے ہوئے نظام میں عدل نہیں ہے کیونکہ وہ سب شریعت سے علیحدہ ہوکر وضع کئے گئے ہیں جیسا کہ تاتاریوں نے ملوکیت کی سیاست اختیارکی جوکہ چنگیزخان کی وضع کردہ تھی جواس نے مختلف شریعتوں سے وضع کی یہودیت،نصرانیت اوراسلام سےمگر چونکہ وہ اپنی خواہشات کی تکمیل میں تھی اور یہ اس کواللہ کی کتاب

سے مقدم سمجھتے تھے لہٰذا ایسا کرنے والا کافر ہے اس کے خلاف قتال واجب ہے یہاں تک کہ وہ اللہ اور رسول کے فیصلوں کی طرف رجوع نہ کر لے"۔(ابن کثیر:131/13)

ابن کثیر رحمہ اللہ نے قوانین الیاسق ذکر کرنے کے بعد کہا جس کو چنگیز خان نے ترتیب دیا تھا کہ یہ سب اس شریعت کے خلاف ہے جو اللہ نے اپنے رسولوں پر نازل کی تھی جو شخص اس شریعت کو چھوڑے گا جو اللہ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کی اور کسی اور کے قوانین کی طرف متوجہ ہو گا وہ کافر ہے اس کے کفر پر مسلمانوں کا اجماع ہے۔(البداية والنهاية:139/13)

علامہ احمد شاکر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:"ان خود ساختہ قوانین میں یہ بات سورج کی طرح واضح ہے کہ اس میں کفر بواح ہے اور اس میں کسی قسم کی پوشیدگی نہیں ہے لہٰذا جو شخص مسلمان کہلواتا ان قوانین کی اتباع میں اس کا کوئی عذر قبول نہیں ہے خواہ وہ کوئی ہو لہٰذا اپنے آپ کو ان قوانین سے بچانا چاہیئے علماء حق کو چاہیئے کہ حق بات لوگوں تک بغیر کسی حیل وحجت کے پہنچائیں اس میں کسی قسم کی کمی بیشی نہ کریں"۔(عمدة التفسير:174/4)

اب ہر شخص یہ سوال کرے کیا پاکستان کے قوانین شرعی ہیں یا غیر شرعی؟ اگر یہ شرعی نہیں ہیں تو پھر کون سے ہیں؟ اور کہاں سے آئے ہیں کون لایا ہے؟ کون ان کے نافذ کرنے پر اصرار کرتا ہے؟ رحمٰن کی شریعت کو چھوڑ کر شیطان کے قوانین پر راضی کیوں ہوئے یہاں ایک حقیقت بھی ہے جس سے اکثر وہ لوگ بھی غافل ہیں جو کافر حاکم کے خلاف خروج کو تسلیم کرتے ہیں جس پر علماء کا اجماع ہو چکا ہے کہ کافر کے لئے امامت ولایت جائز نہیں ہو سکتی وہ یہ ہے کہ ہمارا آج کا یہ مسئلہ خواہ پاکستان کے بارے میں یا کسی اور ملک کے بارے میں یہ نہیں کہ ہم اس مسئلے کو حکمرانوں کے ارتداد کی بناء پر اٹھا رہے ہیں ارتداد کی وجہ اسلام کے احکامات کی خلاف ورزی مثلاً نماز چھوڑنا شراب کو حلال سمجھنا وغیرہ کی وجہ سے بلکہ ہم اس بات کو اس وجہ سے شدت سے اٹھا رہے ہیں کہ ان ملکوں کی ہیئت، شخصیات کا جائزہ لیا جائے تو مکمل طور پر کفر کے اصولوں پر گامزن وقائم ہیں۔یہی وجہ ہے کہ ان ممالک میں ایک طاغوت کے جانے کے بعد جب دوسرا طاغوت آتا ہے تو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا بلکہ اس کے ادارے افواج

،میڈیا،قوانین نظام اسی طرح رہتا ہے جیسا کہ پہلے تھا لہٰذا ہمارا مقصد حکمرانوں کو تبدیل کر کے حل نہیں ہوگا بلکہ جب تک ان ممالک میں جاری طاغوتی قوانین کا قلع قمع نہیں ہوجاتا ہمارا مقصد اصلی پورا نہیں ہوگا لہٰذا ہمیں یہ جدوجہد کرنی ہے کہ ان ممالک میں تمام قوانین خواہ اس کا تعلق کسی بھی شعبے سے ہو اسلامی ہواور ہمیں اس کے لئے مکمل جد جہد کرنی ہے کہ یہاں اللہ کا دین قائم ہو۔ یہ بات تمام مجاہدین کو سمجھ لینی چاہئیے کہ ہماری جدوجہد کا مقصد کافر حکمرانوں کو تبدیل کرنا نہیں بلکہ ان ممالک میں رائج طاغوتی نظام کی جگہ اللہ کا نظام قائم کرنا ہے۔دوسری بات یہ کہ پاکستانی افواج کے لئے ان لوگوں کو سزا دینا مشکل ہے جو اسلام کے ظاہری متواتر احکامات کی خلاف ورزی کررہے ہیں اس کی دو قسمیں ہیں پہلی قسم وہ سزا ہے جو ان کی قدرت میں ہے یہ وہ سزا ہوتی ہے جو سلطان وقت کے ہاتھ میں ہوتی ہے کیونکہ وہی ان احکامات کے اجراء کی طاقت رکھتے ہیں اس سے مراد وہ سزائیں ہیں جو شریعت سے متعلق ہوں مثلاً حدود قائم کرنا یعنی تعزیری جرائم سے متعلق سزائیں ہوں۔

دوسری قسم ان لوگوں کو سزا دینا جو شوکت وقوت کا انکار کررہے ہوں اس سے مراد ہر وہ جماعت ہے جو اپنے فرائض واجبات کی ادائیگی سے انکار کردے اور محرمات فعل میں کوئی فعل کرے اور اسے بالقوۃ کرے اور اس کو بغیر قتال کے روکنا ممکن نہ ہو اس قسم کی جماعت کے خلاف قتال کرنا بالاتفاق واجب ہے جیسا کہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ”جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرتے ہیں شریعت میں ان کی سزائیں دو قسم کی ہیں پہلی سزا جس کی حد پر قدرت ہو دوسری اس جماعت کو سزا دنیا مگر وہ اس کی قدرت نہیں رکھتے مگر قتال کے ذریعے اس کی اصل جہاد بالکفار ہے لہٰذا جس کو رسول کی دعوت پہنچ جائے اور وہ اس کو قبول نہ کرے اس کے خلاف قتال کرنا واجب ہے تاکہ فتنہ باقی نہ رہے اور دین اللہ کے لئے باقی رہے“۔(مجموع الفتاویٰ:349/28)

ہماری گفتگو دوسری قسم کی سزا پر ہے یعنی ایسی قوم کو سزا دینا مثلاً جو نماز یا زکوۃ کا انکار کرے یا ان کے معاملات سودی ہوں یا وہ حرام خون بہاتے ہوں یا بے حیائی پھیلاتے ہوں یا مسلمانوں کے خلاف کفار کی امداد کرتے ہوں یا غیر اللہ کے احکامات کو مانتے ہوں لہٰذا اگر کوئی ان کاموں کا ارتکاب کرتا ہو تو

ان کے خلاف قتال واجب ہوجاتا ہے اس پر علماء کا اجماع ہے اس پر کتاب وسنت کے بے شمار دلائل ہیں۔ارشادربانی ہے﴿وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّ يَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهُ لِلّٰهِ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ (انفال:39)﴾''اوران کے خلاف قتال کروحتی کہ فتنہ باقی نہ رہے اوردین تمام اللہ کے لئے ہوجائے اوراگر وہ رک جائیں اللہ تعالیٰ جووہ اعمال کرتے ہیں ان کودیکھ رہا ہے''۔

جب دین کا حصہ اللہ کے لئے ہواور کچھ غیر اللہ کے لئے تو بھرپور قتال واجب ہوجاتا ہے اس وقت تک جب تک دین سارا اللہ کے لئے نہ ہوجائے۔علامہ ابوبکرالجصاص رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:''ابن عباس رضی اللہ عنہ اورحسن رحمہ اللہ نے کہا کہ حتی کہ شر باقی نہ رہے۔محمد بن اسحاق رحمہ اللہ نے کہا حتی کہ مومن اپنے دین کی وجہ سے فتنہ میں ڈالا جائے۔یہاں فتنہ سے مراد کفر بھی ہوسکتا ہے اور بغاوت اورفساد بھی ہوسکتا ہے کیونکہ کفر کو فتنہ بھی فساد کی وجہ سے کہا جاتا ہے چنانچہ آیت میں کفاراوراہل بغاوت،اہل عبث وفساد کے خلاف قتال کا کہا گیا ہے اس میں باغی قوم کے خلاف قتال کے وجوب کی بھی دلیل ہے''۔

(احکام القرآن:65/3)

ہم جانتے ہیں کہ پاکستان میں سارا دین اللہ کے لئے نہیں ہے بلکہ یہاں جتنے بھی قوانین جاری ہیں وہ کافروں،فاجروں کے بنائے ہوئے ہیں جوانہوں نے اپنی خواہشات کی تکمیل میں وضع کئے ہیں انہوں نے احکام کو اللہ اورغیر اللہ میں تقسیم کردیا ہے اوروہ اپنی مرضی کے مطابق قوانین پسند کرتے ہیں جیسا کہ اللہ فرماتا ہے﴿وَ جَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَ الْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَ هٰذَا لِشُرَكَآئِنَا فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ وَ مَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ (انعام:136)﴾''اوراللہ نے جوکھیتی مویشی پیدا کئے ہیں ان میں سے کچھ حصہ اللہ کا مقرر کیا اور بزعم خود کہتے ہیں یہ تو اللہ کا ہے اور یہ ہمارے معبودوں کا ہے پھر جو چیز ان کے معبودوں کی ہوتی ہے وہ اللہ کی طرف نہیں پہنچتی اور جو چیز اللہ کی ہوتی وہ ان کے معبودوں کی طرف پہنچ جاتی ہے کیا برا فیصلہ وہ کرتے ہیں''۔نبی علیہ السلام نے فرمایا:''اللہ فرماتا ہے میں شرکاء کے شرک سے بے پرواہ ہوں جس نے بھی کوئی عمل کیا اوراس میں شرک کیا میرے ساتھ کسی غیر کو تو میں اس

کو اور اس کے شرک کو چھوڑ دیتا ہوں‘‘۔(رواہ مسلم و ابن ماجہ)

جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ یہ حکومتیں، فوج، ادارے یہ سب دین کو اللہ کے لئے ہونے کو روکتے ہیں یہ چاہتے ہیں کہ دین تقسیم رہے جو ان کی مرضی کے مطابق ہو قبول کرلیں اور جو ان کی مرضی کے خلاف ہو اس کو چھوڑ دیں۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا﴿ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَ ذَرُوْا مَا بَقِیَ مِنَ الرِّبٰوٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ، فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰہِ وَ رَسُوْلِہٖ وَ اِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ لَا تَظْلِمُوْنَ وَ لَا تُظْلَمُوْنَ(بقرہ:278-279)﴾’’اے ایمان والو اللہ سے ڈر جاؤ اور چھوڑ دو جو باقی سود رہ جائے اگر تم مومن ہو اگر تم ایسا نہ کرو تو اعلان کر دو جنگ کا اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے اگر تم توبہ کر لو تو تمہارے لئے تمہارا اصل مال ہے نہ تم ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے‘‘۔علامہ خازن اس آیت کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اہل معانی نے لکھا ہے اللہ کی جنگ آگ ہے اور اس کے رسول کی جنگ تلوار ہے مگر اس جنگ میں اختلاف ہے بعض نے کہا یہاں مبالغۃً جنگ کہا گیا ہے ورنہ ڈانٹ مراد ہے جنگ مراد نہیں ہے بعض نے کہا اس سے مراد جنگ ہے یعنی جو سود پر مصر رہے امام کو اس کا علم ہو جائے تو اس کو زبردستی روکا جائے گا اور اس پر اللہ کے حکم کے مطابق تعزیر لگائی جائے گی اور توبہ کرنے تک قید کر دیا جائے گا لیکن اگر سود لینے والا صاحب قوت اور جنگی فوج کا حامل ہے تو اس کے خلاف امام اسی طرح جنگ کرے گا جس طرح باغی جماعت کے خلاف کی جاتی ہے۔ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو سود پر قائم رہے تو حق یہ ہے کہ اس سے توبہ کرائی جائے گی اگر توبہ کر لے تو پھر ٹھیک ورنہ اس کی گردن کاٹ ڈالی جائے گی‘‘۔(تفسیر الخازن:316/1)

یہاں مقدور علیہ عقوبت اور عقوبۃ ذوی شوکہ میں فرق واضح کیا گیا ہے۔امام ابوبکر الجصاص رحمہ اللہ نے اس آیت کی مکمل وضاحت یوں کی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان﴿فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰہِ﴾ میں اللہ تعالیٰ نے ایک بہت بڑی معصیت کی خبر دی ہے کہ اس کا کرنے والا جنگ کا مستحق ہے اگر وہ کافر نہیں ہے اور امام کی دسترس میں نہیں ہے لیکن اگر وہ امام کی دسترس میں ہے تو اس کے گناہ کے مطابق جو تعزیر بنتی ہے سزا دے گا اسی طرح دیگر معصیات میں بھی یہی ہوگا جن میں اللہ نے عقاب کا

وعدہ کیا ہے لیکن اگر یہ امام کی دسترس سے دور ہوں تو ان کے خلاف جنگ کی جائے گی جب تک وہ باز نہ آجائیں لیکن یہ امام کی دسترس میں ہوں تو امام انہیں ان کی معصیت کے مطابق سزا دے گا اسی طرح جو مسلمانوں کا مال لوٹتا ہے اور انسانوں پر ناجائز ٹیکس مسلط کرتا ہے تو ایسے لوگوں کے خلاف قتال کرنا مسلمانوں کے لئے ضروری ہے یہ اس صورت میں ہے جب ان کو روکنا مسلمانوں کے دسترس سے باہر ہو یہ لوگ سود لینے والوں سے زیادہ مجرم ہیں کیونکہ انہوں نے مسلمانوں اور ممانعت کی حرمت کو پامال کیا کیونکہ سود لینے والے نے صرف اللہ کی حرمت کو پامال کیا ہے اور جس سے یہ لے رہا ہے اس کی حرمت پامال نہیں کی کیونکہ اس نے خوش دلی سے سود دیا ہے ٹیکس لینے والے دراصل ڈاکوؤں کی طرح ہیں لہٰذا ایسے لوگوں کو مارنا مسلمانوں کے لئے ضروری ہے اسی طرح ان کے معاونین کے خلاف بھی قتال ضروری ہے چنانچہ سودی کاروبار کرنے والا اور اس پر ہمیشگی کرنے اور اصرار کرنے والا اور اس کو جائز سمجھنے والا کافر ہے لیکن اگر یہ اس کی حرمت کے قائل ہیں تو امام ان کے خلاف قتال کرے گا یہاں تک کہ وہ توبہ کرلیں''۔(احکام القرآن للجصاص:572/1)

امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:''ہمارے نزدیک حکم یہ ہے کہ اللہ کے فریضے کو منع کرنے والا ہر شخص جس کے خلاف مسلمان روکنے کی استطاعت نہیں رکھتے ان کے خلاف جہاد کیا جائے حتی کہ وہ ان فرائض کو اپنانے لگ جائیں''۔(موطاامام مالك:3809/2)

امام قرطبی رحمہ اللہ نے فرمایا:''ابن خویز منداد رحمہ اللہ کہتے ہیں اگر لوگ سود کے لئے کوئی اور اصطلاح وضع کرلیں تو یہ لوگ مرتد کہلائیں گے اور ان کے بارے میں وہی حکم ہے جو مرتدوں کا حکم ہے اگر وہ اس کو حلال نہ سمجھتے ہوں تو ان کے خلاف امام کی طرف سے جنگ کرنا جائز ہے کیونکہ اللہ کا حکم ہے ﴿فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ﴾''۔(تفسیر القرطبی:364/3)

اوراللہ تعالیٰ فرماتا ہے ﴿فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ(توبة:5)﴾ ''حرمت والے مہینوں

کے گزرتے ہی مشرکوں کو جہاں پاؤ قتل کرو انہیں گرفتار کرو اور ان کا محاصرہ کرو ان کی تاک میں ہر گھاٹی میں جا بیٹھو ہاں اگر وہ توبہ کرلیں اور نماز کے پابند ہوجائیں اور زکوٰۃ ادا کرنے لگیں تو تم ان کی راہ چھوڑ دو یقیناً اللہ بخشنے والا مہربان ہے''۔اس آیت میں اللہ نے مسلمانوں کو حکم دیا ہے کہ مشرکوں کو جہاں پاؤ قتل کرو اور ان کے قتل سے صرف توبہ روک سکتی ہے اور اس کی صورت یہ ہے کہ وہ اسلام میں داخل ہوجائیں نماز قائم کریں زکوٰۃ دیں یعنی حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کو لازم پکڑلیں لیکن اگر وہ اپنی قوت کے بل بوتے پر توبہ نہ کریں تو ان کے خلاف قتال سے توقف نہیں کیا جائے گا۔

امام ابن کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:''اسی وجہ سے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مانعین زکوٰۃ کے خلاف قتال کو ضروری سمجھا تھا کیونکہ قتال کی حرمت کی یہی صورت تھی کہ اسلام لانے کے بعد وہ نماز قائم کریں جو کہ ارکان شہادۃ کے بعد سب سے عظیم رکن ہے اور پھر اس کے بعد زکوٰۃ ادا کریں جو کہ حقوق العباد میں شامل ہے اسی بناء اکثر نماز اور زکوٰۃ کا حکم ایک ساتھ آتا ہے۔صحیحین میں ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی علیہ السلام نے فرمایا:''مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے قتال کروں یہاں تک کہ وہ اس بات کی گواہی دے دیں کہ اللہ کے علاوہ کوئی حقیقی معبود نہیں ہے اور محمد اللہ کے رسول ہیں نماز قائم کریں زکوٰۃ ادا کریں''۔(تفسیر ابن کثیر:111/4)

علامہ السعدی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:''اس آیت میں اس بات کی دلیل ہے کہ جس نے نماز کی اور زکوٰۃ کی ادائیگی سے انکار کیا تو اس کے خلاف قتال کیا جائے گا یہاں تک کہ وہ اس کی ادائیگی شروع کردے جیسا کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اس آیت سے استدلال کیا ہے اور یہ بات قریب قریب اس آیت میں بھی بیان ہوئی ہے ﴿فَاِنۡ تَابُوۡا وَ اَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَ اٰتَوُا الزَّکٰوۃَ فَاِخۡوَانُکُمۡ فِی الدِّیۡنِ وَ نُفَصِّلُ الۡاٰیٰتِ لِقَوۡمٍ یَّعۡلَمُوۡنَ (توبۃ:11)﴾''اگر وہ کفر سے توبہ کرلیں اور نماز قائم کرلیں زکوٰۃ ادا کریں تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں اور ہم آیات تفصیل سے بیان کرتے ہیں علم رکھنے والی قوم کے لئے''۔

نبی علیہ السلام نے فرمایا:''مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے قتال کروں یہاں تک وہ اس بات کی گواہی

دیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں جب لوگ یہ کہہ دیں گے تو انہوں نے مجھ سے اپنا خون اور مال محفوظ کرلیا مگر اس حق کے ساتھ اور ان کا حساب اللہ پر ہے''۔(متفق علیہ)

تمام صحابہ رضی اللہ عنہم نے مانعین زکوٰۃ کے خلاف قتال پر اتفاق کیا تھا حالانکہ وہ لا الٰہ الا اللہ کی گواہی دیتے تھے اور اسلام کے دیگر ارکان پر عمل پیرا بھی تھے مثلاً نماز، روزے، حج وغیرہ شروع میں عمر رضی اللہ عنہ کو کچھ شبہ پیدا ہوا تھا مگر ابوبکر رضی اللہ عنہ سے گفتگو کے بعد ان کو حق بات سمجھ میں آ گئی تھی چنانچہ انہوں نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے موقف کی مکمل تائید کی یہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کی فضیلت کی بہت بڑی دلیل تھی یہی وجہ ہے کہ علی رضی اللہ عنہ نے کہا تھا اگر ابوبکر رضی اللہ عنہ نہ ہوتے تو اسلام چلا جاتا۔ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب نبی علیہ السلام فوت ہوئے تو ابوبکر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے عرب میں سے کچھ لوگ کافر ہو گئے تو عمر رضی اللہ عنہ نے کہا اے ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کس طرح ان کے خلاف قتال کریں گے جبکہ نبی علیہ السلام نے فرمایا ہے مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے اس وقت تک قتال کروں جب تک وہ لا الٰہ الا اللہ کی گواہی نہ دے دیں پس جب کوئی لا الٰہ الا اللہ کہہ دے تو اس کا مال اس کی جان مجھ سے محفوظ ہوگی اور اس کا حساب اللہ پر ہے تو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا اللہ کی قسم میں ضرور ان لوگوں کے خلاف قتال کروں گا جو نماز اور زکوٰۃ میں فرق کرے گا کیونکہ زکاۃ مال کا حق ہے اللہ کی قسم اگر یہ ایک رسی دینے سے بھی انکار کریں گے جو یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا کرتے تھے میں ان سے اس انکار پر قتال کروں گا تو عمر رضی اللہ عنہ نے کہا اللہ کی قسم میں نے دیکھا کہ اللہ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کا دل قتال کے لئے کھول دیا ہے میں سمجھ گیا یہ حق پر ہیں''۔(متفق علیہ)

امام النووی فرماتے ہیں کہ:''اس حدیث میں مانعین زکوٰۃ ونماز کے خلاف قتال کے وجوب کی دلیل ہے اسی طرح دیگر فرائض اسلام کے چھوڑنے پر بھی قتال ہوگا خواہ وہ فرائض تھوڑے ہوں یا زیادہ کیونکہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا اگر یہ رسی کا بھی انکار کریں گے''۔(شرح النووی:212/1)

علماء اور آئمہ کے اس بارے میں بہت سے اقوال ہیں کہ شریعت کے حکم کا انکار کرنے والوں سے قتال کرنا واجب ہے چنانچہ امام ابن العربی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:''امت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جو معصیت کا ارتکاب کرے گا اس کے خلاف جنگ کی جائے گی جیسا کہ اگر کوئی شہر والا سود کے کسی کام پر

اتفاق کرلیں یا جمعہ یا نماز کے چھوڑنے پر''۔(احکام القرآن:134/2)

علامہ ابن بطال رحمہ اللہ فرماتے ہیں:''مہلب رحمہ اللہ نے کہا جو فرائض کو قبول کرنے سے انکار کردے اس کا حکم مختلف ہے اگر کوئی زکوٰۃ دینے سے انکار کرے جبکہ وہ اس کے واجب ہونے کا اقراری ہے اگر وہ مسلمانوں میں رہتا ہے تو جنگ نہیں کی جائے گی اور نہ اس کو تلوار سے منع کیا جائے گا بلکہ اس کے مال سے زکوٰۃ زبردستی لی جائے گی اور وہ مسلمانوں میں تقسیم کردی جائے گی اور اس کو قتل نہیں کیا جائے گا''۔امام مالک رحمہ اللہ موطا میں فرماتے ہیں کہ:''ہمارے نزدیک حکم یہ ہے کہ جو فرائض میں سے کسی ایک فریضے کا انکار کردے مگر مسلمان اس فریضے کو اس سے لینے کی استطاعت نہ رکھتے ہوں تو ان کے خلاف جہاد کرنا واجب ہے''۔اس کا معنی یہ ہے کہ اگر وہ اس کے وجوب کا اقراری ہو تو اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے مہلب رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مانعین زکوٰۃ کے خلاف اس وجہ سے قتال کیا کیونکہ انہوں نے تلوار کے زور پر زکوٰۃ سے انکار کیا تھا اور امت پر جنگ مسلط کردی تھی اور امت کا اس پر اجماع ہے جو امت پر جنگ مسلط کرے کسی فریضے کے انکار پر یا کوئی حق روکے جو اس پر واجب ہے تو اس کے خلاف قتال واجب ہے''۔(شرح صحیح البخاری:576/8)

آئمہ کے اقوال متواتر کے درجے تک پہنچ جاتے ہیں کہ جو اللہ کے فریضے کا انکار کرے اس کے خلاف جنگ کی جائے گی جیسا علامہ البدر العینی الحنفی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:''علماء کا اس بات پر اجماع ہو چکا ہے کہ جو کسی فریضے کے انکار میں امت پر جنگ مسلط کرتا ہے تو اس کے خلاف قتال واجب ہے اگر نوبت قتل تک پہنچ گئی تو اس کا خون لینا جائز ہے''۔(عمدۃ القاری:410/34)

امام ابوالعباس رحمہ اللہ فرماتے ہیں:''ہر وہ گروہ جو اللہ کی شریعت کا انکار کرے شرائع اسلام ظاہری معلومہ کا تو اس کے خلاف قتال واجب ہو جاتا ہے اگرچہ وہ کلمہ شہادت بھی پڑھتے ہوں مثلاً وہ نماز نہ پڑھیں زکوٰۃ نہ دیں روزے نہ رکھیں یا بیت اللہ کا حج نہ کریں یا وہ کہیں کہ ہم یہ کام تو کریں گے مگر شراب نوشی،زنا،سود بے حیائی نہیں چھوڑیں گے یا ہم جہاد نہیں کریں گے یا کہیں کہ ہم اہل ذمہ پر ٹیکس نہیں لگائیں گے تو ان کے خلاف بھی قتال کیا جائے گا یہاں تک کہ دین اللہ کے لئے ہو جائے''۔

(مختصر الفتاوی:167/1)

اسی طرح فرمایا:''ہر وہ گروہ جو اسلام کے شرائع ظاہر متواترہ سے نکل جائے اس کے خلاف بھی مسلمانوں کے اتفاق سے قتال واجب ہے اگر وہ وہ شہادتین کا اقراری بھی ہو اگر وہ شہادتین کا اقرار کرتا ہو مگر پانچ نمازوں کا انکار کردیں تو ان کے خلاف بھی قتال واجب ہے حتی کہ نماز پڑھنا شروع کردیں اگر زکوٰۃ سے انکار کردیں تو ان کے خلاف بھی قتال واجب ہے حتی کہ زکوٰۃ دینا شروع کردیں اسی طرح رمضان کے روزے چھوڑ دیں یا حج چھوڑ دیں تو بھی قتال واجب ہے اسی طرح وہ فواحش کی حرمت کا انکار کردیں یا زنا، جواء، شراب کی حرمت کا انکار کریں یا ان احکامات کا انکار کردیں جو خون مال، عزت وغیرہ سے متعلق ہیں اسی طرح اگر وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے انکار کردیں یا جہاد فی سبیل اللہ سے انکار کردیں یا کفار کے خلاف ٹیکس سے انکار کردیں۔اسی طرح فرمایا: اگر کوئی گروہ نمازوں کا انکار کردے یا روزوں، حج یا خون مال عزت کی حرمت سے انکار کردے یا شراب، زنا، کی حرمت سے انکار کردے مقصود یہ ہے کہ جو گروہ اللہ کی شریعت میں سے کسی ایک حکم ظاہرہ متواترہ کا انکار کردیتا ہے تو اس کے خلاف قتال کرنا واجب ہے اس پر علماء کا اتفاق ہو چکا ہے کیونکہ اس پر کتاب وسنت کے بے شمار دلائل موجود ہیں لہٰذا یہ شرط نہیں ہے کہ وہ اگر کافر ہو تو قتال ہوگا ورنہ نہیں بلکہ مجرد انکار پر ہی ان کے خلاف قتال کیا جائے گا جیسا کہ ابوبکر الجصاص رحمہ اللہ نے یہ بات واضح کردی کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کا یہ قول بتا رہا ہے کہ ان کے خلاف قتال ان کے انکار کی وجہ سے کیا جائے گا کیونکہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مانعین زکوٰۃ کے خلاف قتال دو وجوہات کی بناء پر کیا ہے پہلی وجہ کفر دوسری وجہ زکوٰۃ سے انکار کیونکہ جب انہوں نے زکوٰۃ سے انکار کردیا تو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس کے دو معنی اخذ کئے پہلا یہ کہ یہ لوگ اللہ کے حکم کو قبول کرنے سے انکار کررہے ہیں جو کہ کفر ہے دوسرا یہ وہ اس صدقہ کو ادا کرنے سے انکار کررہے ہیں جو ان پر واجب ہے پس ان کے خلاف قتال ان دونوں وجوہات کی بناء پر تھا اسی وجہ سے ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا تھا **لو منعونی عقالاً** اگر یہ رسی بھی دینے سے انکار کریں گے تو میں ان کے خلاف قتال کروں گا چنانچہ صحابہ رضی اللہ عنہم ان کو مرتد کہا کرتے تھے اسی بناء پر ہم نے ان کو کافر کہا ہے چنانچہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے ان کی

عورتوں کولونڈیاں بنالیا اگر وہ مرتد نہ ہوتے تو صحابہ رضی اللہ عنہم کا طرز عمل یہ ہرگز نہ ہوتا اور یہ ایسی بات ہے کہ صدر اول میں اس بارے میں کوئی اختلاف نہیں تھا اور نہ ہی بعد میں اختلاف ہوا یعنی اس بارے میں کہ جن لوگوں کے خلاف ابوبکر رضی اللہ عنہ نے قتال کیا وہ مرتد تھے چنانچہ سود کا لین دین کرنے والا اور اس پر ہمیشگی اختیار کرنے والا کافر ہے اگر وہ اپنی پارٹی کی وجہ سے مضبوط ہے تو امام کو چاہیئے کہ ان کے خلاف وہی اقدام کرے جو مرتدین کے خلاف کیا جاتا ہے اگرچہ یہ اہل ملت میں سے کیوں نہ ہو اگر یہ سود کی حرمت کے اقراری ہوں اور اس کو حرام سمجھ کر کر رہے ہوں تو امام ان کے خلاف قتال کرے گا حتی کہ توبہ کرلیں''۔(احکام القرآن للجصاص:193/2)

آپ نے دیکھا کہ قتال کا حکم اس بات پر موقوف نہیں ہے کہ اس گروہ کے خلاف ہوگا جو کافر ہو بلکہ ابوبکر جصاص رحمہ اللہ کے کلام سے واضح ہوتا ہے کہ سود خور کے خلاف بھی قتال ہوگا۔ یہ بات واضح ہوگئی کہ پاکستانی حکومت، افواج، میڈیا اپنی قوت سے اسلامی احکامات کو روک رہی ہے لہٰذا اور جو ان احکامات کی تنفیذ کے لئے سچی جدوجہد کررہے ہیں یہ ان کے قتال سزائیں دینے میں مصروف عمل ہیں ہر شخص یہ جانتا ہے کہ پاکستان میں رائج تمام قوانین خون، مال، زندگی سے متعلق تمام خواہشات پر مبنی ہیں ان کا شریعت سے کوئی تعلق نہیں ہے اس ملک کی حالت یہ ہے کہ یہ اپنی طاقت وقوت کے بل بوتے پر اللہ کے احکامات کو چھوڑ کر طاغوتی نظام کو نافذ کرنے میں لگے ہوئے ہیں بلکہ شرعی احکامات کے علمبرداروں کو ظلم وزیادتی کا نشانہ بنا رہے ہیں اگرچہ یہ گمان کیا جاتا ہے کہ اس مملکت کا دستور اسلامی ہے حالانکہ یہ شریعت سے مذاق، کھیل تماشے کے سوا کچھ بھی نہیں ہے کیونکہ اسلامی دستور تو اس شریعت کا نام ہے جو اللہ نے نازل کی ہے اور جس پر قولاً، فعلاً عمل کرنے کا اللہ نے حکم دیا ہے چنانچہ اسلامی دستور کو تمام شعبہ ہائے زندگی میں نافذ کرنے کی ضرورت ہے سیاست اقتصادیات میں عدالت میں غرض ہر جگہ مگر اس کا دستور تو باقی ان ممالک کی طرح طاغوتی ہے جن کا نام تو اسلامی ہے مگر عملاً غیر اسلامی طاغوتی ہیں لہٰذا اسلامی نام رکھ لینا کافی نہیں ہے جیسا کہ اللہ فرماتا ہے ﴿ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَ هُوَ يَهْدِى السَّبِيْلُ (احزاب:4)﴾ ''یہ تمہارے مونہوں کی باتیں ہیں اور اللہ حق کہتا ہے اور وہ

راستے کی رہنمائی کرتا ہے''۔چنانچہ ان مملکتوں کا حال اس شخص کی طرح ہے جو کہتا ہے کہ میرا مرجع اسلام ہے مگر اس کی اطاعت اوراس کی طرف رجوع سے انکار کردیتا ہے کیا اس کا یہ کہنا اس کو نفع پہنچائے گا اگر یہ فائدہ بخش ہوتا تو کسی کو نہ سزا ملتی اور نہ لوگوں کی عمریں اسلامی دستور کے مطالبے میں فنا ہوتیں نہ ہی زمانے بیت جاتے۔

آپ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی سیرت پر غور کریں کہ انہوں نے کس طرح ان لوگوں کے خلاف قتال کیا جنہوں نے صرف زکوٰۃ دینے سے انکار کیا تھا جبکہ وہ باقی اسلامی احکامات کو تسلیم کرتے تھے ظاہراً و باطناً بھی مگر قرآنی حکم پر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کے خلاف قتال کیا اور کسی قسم کے عذر کو قبول کرنے سے انکار کردیا انہوں نے یہ نہیں کہا میں انہیں اسلامی دستور کی طرف دعوت دیتا ہوں بلکہ ان کا فیصلہ تلوار سے کردیا حتی کہ انہوں نے اللہ کے فیصلے کو قبول کرلیا۔

امام ابن کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں:''قرآن کے اس حکم کی تفسیر میں ﴿خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَ تُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ (توبة:103)﴾''ان کے مال میں صدقہ لیجئے جو ان کی تطہیر اور نشوونما کرے گا اور انہیں دعائیں دیجئے بے شک آپ کی دعائیں ان کے لئے سکون کا باعث ہے''۔ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان کی تاویل اور فہم فاسد رد کردی اور تمام صحابہ رضی اللہ عنہم نے بھی اور انہوں نے ان کے خلاف قتال کیا یہاں تک کہ انہوں نے زکوٰۃ خلیفہ کو ادا کردی جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں ادا کرتے تھے حتی کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا اگر یہ رسی بھی دینے سے انکار کریں گے تو میں ان کے خلاف قتال کروں گا''۔(تفسیر ابن کثیر:207/4)

آج پاکستان کی وہ اسلامی جماعتیں جو یہ مطالبہ کررہی ہیں کہ پاکستان کا دستور اسلامی شریعت کے مطابق بنایا جائے وہ ہماری بات گواہی دے رہی ہیں چنانچہ آج تمام مسلمانوں کا یہی مطالبہ بن چکا ہے مگر حکومت پاکستان کا مطالبہ اس کے برعکس ہے چنانچہ واضح نتیجہ یہ برآمد ہوا کہ پاکستان اللہ کے احکامات کو منع کررہا ہے اگرچہ بعض علماء تو اس گروہ کے خلاف بھی قتال کو واجب قرار دے چکے ہیں جو سنتوں کا انکار کرتے ہیں اگرچہ بعض جاہل ان سنتوں کو اہمیت نہیں دیتے مگر جو لوگ کامل شریعت کا

انکار کررہے ہوں؟؟ اور لوگوں پر شیطان کے قانون کی پیروی کو لازم کیا جارہا ہو اور جو اس کی مخالفت کرے اس کو سخت سزائیں دی جارہی ہوں ان کے بارے میں کیا حکم ہوگا؟؟ جبکہ اس ملک نے اپنے جاسوس، اپنے ادارے صرف ان لوگوں کے خلاف استعمال کرنا شروع کردیئے جو شریعت کا نفاذ چاہتے ہیں، آج شریعت کے نفاذ میں صرف اس حکومت کی ضد رکاوٹ ہے۔ آج ہر شخص یہ جانتا ہے کہ یہ ملک مکمل طور پر صلیب کے علمبردار امریکہ اوراس کے حواریوں کا آلہ کار بن چکا ہے اوران کی افغانستان میں جاری صلیبی جنگ میں تعاون فراہم کررہا ہے پہلے بھی افغانستان میں اسلامی امارت ٹوٹنے سے پہلے اور بعد میں بھی یہی وجہ ہے کہ افغانستان آج کامل طور پران کا مددگار بن چکا ہے جس پر امریکا مکمل بھروسہ کرتا ہے اور یہ دونوں مل کر مسلمانوں اور مجاہدین کے خلاف سازشوں، مکروفریب میں مصروف ہیں یہ بات طے ہے کہ امریکہ اپنی جدید ٹیکنالوجی، مہارت، عسکری طاقت کے باوجود اگر پاکستان ساتھ نہ دیتا تو مجاہدین کے خلاف مقابلہ کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا تھا چنانچہ آج علماء کو ان حالات پر خاموش رہنے کے بجائے حقائق کا ادراک کرنے کی ضرورت ہے لہٰذا وہ عوام کا ذہن بنائیں اورانہیں خائن بددیانت قسم کے لوگوں سے نجات دلانے کے لئے اپنی صلاحیتیں لگائیں کیونکہ مسلمانوں کی مدد کرنا تمام مسلمانوں کے لئے حکم شرعی ہے کیونکہ تمام مسلمان ایک امت ہیں وہ سب ایک ہاتھ کی مانند بن جائیں لہٰذا انہیں حدود وقیود کی تفریق سے جدا نہیں کیا جاسکتا جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے ﴿اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ (انبیاء:92)﴾ ''بے شک یہ تمہاری امت ایک ہے میں تمہارا رب ہوں پس میری ہی عبادت کرو''۔ اور فرمایا ﴿وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (توبة: 71)﴾ ''مومن مرد اور مومن عورتیں بعض بعض کی سرپرست ہیں جو معروف کا حکم دیتے ہیں منکرات سے روکتے ہیں نماز قائم کرتے ہیں زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اللہ اوراس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں یہی لوگ ہیں جن پر اللہ یقیناً رحمت کرے گا بے شک اللہ غالب حکمت والا ہے''۔

نبی علیہ السلام نے فرمایا: ''اپنے بھائی کی مدد کرو ظالم کی اور مظلوم کی بھی ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ میں مظلوم کی مدد کرتا ہوں مگر ظالم کی کس طرح مدد کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو ظلم سے روکو یہ اس کی مدد ہے''۔(متفق علیه)

نبی علیہ السلام نے فرمایا: ''مسلمان مسلمان کا بھائی ہے وہ اس پر ظلم نہیں کرتا اور نہ ہی اسے کسی دشمن کے سپرد کرسکتا ہے''۔مقصود یہ ہے کہ ملک کے ادارے مثلاً فوج ، پولیس،نشریات سب کے سب صلیبی قوتوں کے ساتھ کھڑے ہوچکے ہیں تا کہ سچے مسلمانوں کو ختم کر دیا جائے اور ہر جگہ یہ مور چہ زن ہو چکے ہیں خشکی، تری ،فضا ہر جگہ تا کہ افغانستان پاکستان کے کمزور مسلمانوں کو پامال کیا جائے اور مسلمانوں کی مسلسل نگرانی میں مصروف ہیں اور جو مجاہدین ان کے ہاتھ لگ جاتے ہیں ان کو یا تو جیل میں بند کردیتے ہیں یا نصرانی امریکہ کے حوالے کر دیتے ہیں اور وہ ان کو شدید ترین سزاؤں سے دوچار کرتے ہیں ان کی نگاہوں کے سامنے یہ قرآن مجید کی توہین تک کرتے ہیں تا کہ انہیں ذہنی تکالیف سے بھی دوچار کیا جائے حتیٰ کہ انہوں نے مردوں کے ساتھ ساتھ خواتین کو بھی ان کے سپرد کیا ہے۔

کیا ان جرائم کے بعد بھی کوئی شبہ باقی رہ جاتا ہے کہ ان کے خلاف مقاتلہ کیا جائے یا نہ کیا جائے ؟؟؟ کیا مانعین زکوٰۃ کا جرم بڑا تھا یا ان لوگوں کا؟

تیسری وجہ

پاکستانی فوج دین کی دشمن بن چکی ہے لہٰذا انہیں اس سے روکنا اور ان کے خلاف قتال واجب ہو چکا ہے۔مقصود یہ ہے کہ انہوں نے صرف شریعت اسلامیہ کو روکنے پر اکتفاء نہیں کیا بلکہ انہوں نے لوگوں کو گناہوں پر آمادہ کرنے کے لئے سخت ترین سزائیں دی ہیں تا کہ وہ فرائض واجبات کی ادائیگی سے رک جائیں اور یہ زمین پر سب سے بڑا فساد ہے بلکہ یہ ان ڈاکوؤں رہزنوں اور خون بہانے والوں سے زیادہ بڑا فساد ہے کیونکہ ڈاکوؤں کے شر وفساد سے صرف راہ گیر مخصوص لوگ متاثر ہوتے ہیں جبکہ ان کے فساد سے شہروں کے شہر متاثر ہوتے ہیں اور دین کے تمام مشمولات ،عقائد،شرائع ،اخلاقیات ،سیاست ،معاملات وغیرہ سب متاثر ہوتے ہیں ۔کیونکہ اللہ تعالیٰ نے شریعت انسانوں کی ضروریات

کی حفاظت کے لئے نازل فرمائی ہے مثلاً انسانی جان، مال، عقل، نسل ان سب کی حفاظت کیلئے اللہ نے یہ دین اور اس کے احکامات نازل کئے لہٰذا ان میں کسی چیز پر بھی جس سے زد پڑتی ہے اللہ نے اس کے لئے قوانین عقوبت مقدرہ اور غیر مقدرہ کی صورت میں مقرر کئے ہیں، عقوبت مقدرہ کو حدود اور غیر مقدرہ کو تعزیرات کہا جاتا ہے۔ اللہ نے دین کی حفاظت کے لئے مرتد کی سزا، انسانیت کی حفاظت کے لئے قصاص کا قانون، عقل کی حفاظت کیلئے حرمت شراب اور اس کی حد، نسل کی حفاظت کے لئے حدِّ زنا اور حد قذف، اور مال کی حفاظت کے لئے حد سرقہ، جیسے قوانین نازل فرمائے۔ اگر کوئی ان قوانین میں سے کسی کو پامال کرے اور وہ سلطان وقت کی دسترس سے دور ہو تو اس کو اس جرم سے روکنا واجب ہو جاتا ہے تاکہ اس کا شر و فساد ختم ہو جائے جیسا کہ یہ بات مختلف احادیث سے ثابت ہے مثلاً ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ: ''ایک شخص نبی علیہ السلام کے پاس آیا اور کہا یا رسول اللہ اگر کوئی میرا مال چھیننا چاہے تو میں کیا کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو مت دو اس نے کہا اگر وہ مجھ سے لڑائی کرے تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم بھی اس سے لڑو اس نے کہا اگر وہ مجھے قتل کر دے تو آپ ﷺ نے کہا تو شہید ہے اس نے کہا اگر میں قتل کر دوں تو آپ ﷺ نے فرمایا: پھر وہ مقتول جہنم میں گیا''۔ (رواہ مسلم)

سعید بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی علیہ السلام نے فرمایا: ''جو شخص اپنے دین کی وجہ سے قتل ہو جائے وہ شہید ہے جو اپنے خون کی وجہ سے قتل ہو جائے وہ بھی شہید ہے، جو اپنے مال کی وجہ سے قتل ہو وہ بھی شہید ہے جو اپنے اہل و عیال کی حفاظت میں قتل ہو وہ بھی شہید ہے''۔

(رواہ الترمذی، ابو داؤد، والنسائی، ابن ماجہ، قال الترمذی: حدیث حسن صحیح)

اس حدیث سے پتہ چلا انسان چار ضروریات کی چیزوں کا دفاع کرے اگر کوئی ان میں سے کسی ایک پر حملہ کرے۔ دین، انسانی جان، مال، عزت۔ سوید بن مقرن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ: ''نبی علیہ السلام نے فرمایا: جو ظلماً قتل ہو وہ شہید ہے''۔ (رواہ النسائی، والضیاء، رواہ احمد عن ابن عباس رضی اللہ عنہ)

جس سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ پاکستانی افواج اور اس کے تمام ادارے صریحاً شریعت رب العالمین کو روکنے اور لوگوں کو شریعت سے دور کرنے میں مصروف ہیں اور لوگوں کو مغربی اور مشرقی

شیطانی قوانین کوقبول کرنے پر مجبور کررہے ہیں تو یہ بات ثابت ہوگئی کہ ان حکومتوں کے خلاف لڑنا واجب اورضروری ہو چکا ہے اوران کی سازشوں کو طاقت کے ذریعے روکنا جتنا ممکن ہوروکنا ضروری ہے۔جب یہ بات معلوم ہوچکی کہ یہ لوگ شریعت کا نفاذ نہیں دیکھنا چاہتے بلکہ یہ لوگ تو ایسے لوگوں کے خلاف لڑرہے ہیں تو ایسی حکومت کے خلاف لڑنا خروج کرنا دین اور مال،عزت،جان کی حفاظت کے لئے لڑنا کہلائے گا جیسا کہ ایک انسان کسی ایک حملہ آور کے خلاف لڑتا ہے جو اس کے جان مال،عزت،دین پر حملہ کرر ہا ہوجیسا کہ علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں:''اپنے دفاع میں لڑنے سے زیادہ اہم اس شخص کے خلاف لڑنے ہے جو آپ کے دین پر حملہ آور ہوتو اجتماعی طور پر لڑنا واجب ہے کیونکہ ایسا دشمن دین ودنیا کونقصان پہنچاتا ہے ایمان کے بعد سب سے زیادہ واجب چیز یہی ہے کہ ایسے لوگوں کوروکا جائے اس میں کوئی شرط نہیں لگائی جائے گی بلکہ ان کوحسب امکان روکا جائے گا۔

ہمارے علماء نے اس بات پر نص کیا ہے کہ ظالم حملہ آور اور پورے ملک پر حملہ آور میں فرق کرنا ضروری ہے۔ہم حکومت پاکستان کوحملہ آور صرف اس لئے نہیں قراردے رہے کہ انہوں نے لوگوں کے پشاور،وزیرستان،سوات میں گھروں کومسمار کیاان کے بچوں عورتوں کوسخت سزائیں دیں یہ تو ان کی دشمنی کا ایک مظہران کی دشمنی تو اس وقت ظاہر ہوگئی تھی جب سچے ایمان والوں نے ان کے پہلے حملہ کوروکا تھا جوانہوں نے شریعت کومعطل کرکے کیا تھا اورشریعت کے احکامات کومعطل کردیا تھا چونکہ اس حکومت نے مسلمانوں پرزبردستی شیطان کے قوانین نافذ کئے اورشیطانی پروگرام ان پران کے اخلاق وکردار کو تباہ کرنے کے لئے مسلط کئے اورشیطانی تعلیمی نظام کے ذریعے ان کی عقلیں ماؤف فکر تباہ کردی اوران پر ایسا مغربی اقتصادی نظام مسلط کردیا جس کی اسلام میں قطعاً گنجائش نہیں ہے پھر یہ تمام امور انہوں نے لوگوں پر بزورطاقت وقوت مسلط کئے یہ سب ایسے حملہ کرنے کے زمرے میں آتا ہے جس کا دفاع کرنا اوراس کے خلاف قتال کرنا ضروری ہوتا ہے۔اوراس بات کا انتظار نہیں کیا جائے گا کہ اگر یہ حملے زیادہ ہوں تو ہم کھڑے ہوں ہمارا مقصد یہ ہرگز نہیں کہ صرف ہم اس حملے کے خلاف قتال کرنا چاہتے ہیں بلکہ پاکستان کے ذرہ ذرہ پر کفر کا حملہ ہو چکا ہے جس کو روکنا ہم سب پر ضروری ہے نہ کہ

صرف پشاور، وزیرستان، سوات میں ۔یعنی صرف ان کے ظلم وزیادتی کو روکنا مقصود نہیں ہے بلکہ ان کے کفری نظاموں کو روکنا اوراس کے خلاف قتال کرنا ہمارا مقصد ہے۔ یہاں ایک اور مسئلہ بھی ہے وہ یہ کہ علماء اس بات پر متفق ہیں کہ جب دشمن شہر پر حملہ آور ہوجائے تو اس کے خلاف جہاد ضروری ہوجاتا ہے اگر وہ اس کو نکال دیں تو پھر بہتر ہے لیکن اگر نہ نکال سکیں تو پھر اس جہاد کا دائرہ تھوڑا تھوڑا کر کے وسیع ہوجاتا ہے یہاں تک کہ یہ جہاد زمین کے تمام مسلمانوں پر فرض ہوجاتا ہے جیسا کہ علامہ ابوبکر الجصاص رحمہ اللہ نے کہا ہے کہ:''یہ بات تمام مسلمانوں کے عقائد کا حصہ ہے کہ جب سرحد والے دشمن کے خوف میں مبتلا ہوں اوران کے مقابلے کی ہمت نہ ہو اور یہ اپنی تباہی بچوں کا قیدی بن جانے اورعورتوں کے لونڈیاں بن جانے کا خوف رکھتے ہوں تو ایسی صورت میں تمام امت پر فرض ہوجاتا ہے کہ وہ ان کے خلاف کھڑے ہوں۔تاکہ مسلمانوں کی حفاظت ہو سکے اس میں کسی قسم کا اختلاف نہیں ہے کیونکہ اس موقع پر بیٹھنے کو کسی نے بھی مباح نہیں کہا ہے''۔(احکام القرآن:312/4)

امام قرطبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:''جب دشمن کے غلبہ کی وجہ سے زمین کے تمام چپے والوں پر جہاد فرض ہوجائے اور یہ جب تمام اہل الدار پر واجب ہوجائے کہ تو وہ نکلیں ضعیف یا ثقیل ہوکر بوڑھے نوجوان اپنی طاقت کے مطابق ہر شخص جس کا والد ہو تو وہ بغیر اجازت اور جس کا والد نہ ہو وہ بھی نکلے اور کوئی بھی ایسا شخص جو قدرت رکھتا ہو ہرگز پیچھے نہ رہے لیکن اگر اہل بلدان کے مقابلے کی قوت نہ رکھتے ہوں تو ان کے قریبی پڑوسیوں کو ان کی مدد کے لئے حسب طاقت نکلنا چاہئیے تاکہ انہیں پتہ چل جائے کہ ان کو روکنے والے موجود ہیں اسی طرح اگر انہیں پہلے سے علم ہو کہ ان کا پڑوسی دشمن کا مقابلہ کرنے میں کمزور ہے تو ان کو مدد کرنی چاہئیے مسلمان ایک ہاتھ کی طرح ہیں دشمن کے خلاف چنانچہ جب دشمن بستی والوں پر حملہ آور ہو اور بستی والے سب اس کے خلاف مقابلے کے لئے کھڑے ہوجائیں تو دوسروں سے فرضیت ختم ہوجاتی ہے اگر دشمن دارالسلام کے قریب آجائے اگرچہ وہ اس میں داخل نہ بھی ہوا ہو تو ان کے لئے نکلنا لازم ہوجاتا ہے تاکہ اللہ کا دین غالب آجائے اور دین اسلام فتح یاب ہو اور اسلامی ریاست محفوظ رہے''۔(تفسیر القرطبی:152/8)

یہ بات ہر شخص کومعلوم ہے کہ افغانستان ایک اسلامی ریاست تھی ،وہاں لوگوں کے فیصلے شریعت کے مطابق ہوتے تھے چنانچہ دنیا بھر کی عیسائی افواج جمع ہوکراس پرحملہ آور ہوئیں اوراس کوختم کردیا چنانچہ ان لوگوں کے خلاف جہاد کرنا اس کے باسیوں اوراس کے قریبی اسلامی ملک پاکستان پر بدرجہ اولیٰ فرض ہوگیا تھا کیونکہ ان کے سب سے قریب تھے اور یہ سب سے زیادہ طاقت وربھی تھے آج کی صورت اس سے مختلف نہیں تھی جب روس نے افغانستان پر کمیونزم کومسلط کرنے کے لئے حملہ کیا تھا توعلماء پاکستان نے فتویٰ دیا تھا کہ جہاد فرض عین ہوچکا ہے جس پرلوگوں نے ان کے خلاف جہاد میں بھرپورحصہ لیا تھا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ روس افغانستان سے نکلنے پرمجبور ہوگیا تھا، چنانچہ آج کے ان نصرانی فوجیوں کی بھی یہی صورتحال ہے ان کوبھی اسی طرح جہاد اجتماعی کے ذریعے نکالا جاسکتا ہے کیونکہ یہ بھی مسلمانوں مردوں عورتوں کے خون بہانے میں مصروف ہیں اس فساد سے بڑھ کرکوئی اورفساد نہیں ہوسکتا جو یہ سمجھتا ہے کہ ان عیسائیوں سے ہمیں دینی ونیاوی فائدہ پہنچ سکتا ہے ایسا سمجھنے والا گمراہ ہے اوروہ اللہ کے اس فرمان کی تکذیب کرتا ہے﴿وَالْكَافِرُوْنَ هُمُ الظَّالِمُوْنَ (بقرہ:254)﴾''اورکافر ہی حقیقی ظالم ہیں''۔اورفرمایا﴿لَا يَرْقُبُوْنَ فِيْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّ لَا ذِمَّةً وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُوْنَ(توبۃ: 10)﴾''یہ کافرمسلمانوں کے حق میں کسی رشتہ داری کا یا عہد کا مطلق لحاظ نہیں کرتے یہی حد سے گزرنے والے ہیں''۔فرمایا﴿اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَ لٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ(بقرہ: 12)﴾''یہی لوگ فسادی ہیں لیکن یہ شعورنہیں رکھتے''۔فرمایا﴿كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ وَ يَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا وَ اللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ (مائدہ:64)﴾''جب بھی انہوں نے جنگ کی آگ جلائی اللہ نے اس کوبجھایا یہ لوگ زمین میں فساد پھیلانا چاہتے ہیں اللہ فساد کرنے والوں کوپسند نہیں کرتا''۔

لہٰذا فسادیوں سے خیر کی تمنا کرنا بے وقوفی ہے۔یہ بات مشاہدہ میں آچکی ہے کہ پاکستانی افواج انٹیلی جنس کے اداروں نے ان عیسائی افواج کا بھرپورساتھ دیا بلکہ انہیں افغانستان کے مسلمانوں کے خلاف معلومات بھی فراہم کیں اور یہ ان کا اعلانیہ طور پرساتھ دیتے رہے بلکہ ان کے اسلحہ لیجانے

والوں کو سمندری اور بری فضائی حدود استعمال کرنے کی اجازت دی اور اصلاح کرنے والے مجاہدین کو انتہائی سخت جسمانی سزائیں دیں اور جو مجاہدین افغانستان جانا چاہتے تھے ان کے راستے روک دیئے اور ان کی کڑی نگرانی شروع کردی لہٰذا ان باتوں کو دیکھ کر کوئی کس طرح کہہ سکتا ہے کہ ان عیسائی افواج اور پاکستانی افواج میں کوئی فرق ہے کیونکہ یہ بھی ان کے جرائم میں برابر کے شریک ہیں کیونکہ اگر امریکی افواج کی پاکستانی افواج مدد نہ کرتی تو یہ دس فیصد بھی کامیابی حاصل نہیں کرسکتے تھے۔ہمیں یہ بات سمجھ لینی چاہیئے کہ شرعی احکام ناموں کی وجہ سے لاگو نہیں ہوتے مثلاً کسی افغانی کے خلاف قتال اس وجہ سے واجب نہیں ہوتا کہ وہ افغانی ہے پاکستانی یا امریکی ہے بلکہ ایک خاص صفت کی وجہ سے لاگو ہوتا ہے چنانچہ دشمنی ہماری طرف سے نہیں ہے بلکہ امریکہ کی طرف سے مسلط شدہ ہے علماء کرام یہ بات جانتے ہیں کہ حکم کسی کام کو انجام دینے والے اور ان کی مدد کرنے والے دونوں پر لگتا ہے مثلاً ڈاکو اور اس کا معاون حکم میں دونوں برابر ہیں دونوں پر حد جاری ہوگی جیسا کہ علامہ الہمام الحنفی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ :''اگر کوئی قتل کرتا ہے باقی صرف اس کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں قتل نہیں کرتے تو اس کو قتل کیا جائے گا''۔(فتح القدیر:354/2)

علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ: جس کام میں معاونت کی ضرورت ہوتی ہے مل کر ڈاکہ ڈالنا جمہور علماء کا فتویٰ یہ ہے کہ دونوں پر حد لگے گی ڈاکہ مارنے والے پر اور اس کی معاونت کرنے والے پر بھی امام ابوحنیفہ اور مالک رحمہ اللہ کا فتویٰ ہے''۔(منہاج السنة:175/6)

اور مزید فرماتے ہیں کہ:''اگر کوئی جماعت ناجائز جنگ لڑ رہی ہے قتل ایک کر رہا ہے باقی جماعت اس کی معاون ہے جمہور کا فتویٰ ہے کہ سب کو قتل کیا جائے گا جبکہ ایک ضعیف قول ہے کہ صرف قتل کرنے والے کو قتل کیا جائے گا۔یہ خلفاء سے بھی منقول ہے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ربیئہ کے جنگی اور اس کے دیکھنے والے دونوں کے قتل کا حکم دیا جبکہ دیکھنے والا آنے جانے والے لوگوں پر نظر رکھ رہا تھا اس کو قتل کرنے کی وجہ یہ ہے کہ قتل کرنے والا مدد فراہم کرنے والے کی قوت سے قتل کر رہا ہے لہٰذا جب ایک جماعت مل کر لڑتی ہے اور ایک دوسرے کی مدد کرتی ہے تو ان کی قوت میں اضافہ ہوجاتا ہے اور وہ ثواب

وعقاب دونوں میں مشترک ہوجاتے ہیں‘‘۔(مجموع الفتاویٰ:311/28)

جب علماء کا متفقہ فیصلہ یہ ہے کہ ڈاکو اور اس کی معاونت کرنے والے دونوں کو سزا ہوگی اگرچہ جرم کا ارتکاب صرف ایک کررہا ہے تو پاکستانی حکومت وافواج بھی امریکی عیسائی افواج کی مدد کرکے ان کے جرم میں دہشت گردی کے خلاف جنگ قرار دے کر برابر ان کے جرم میں شریک ہیں کیونکہ یہ جنگ صرف مسلمانوں کے خلاف لڑی جارہی ہے جب یہ ان کے جرم میں شریک ہیں تو سزا میں بھی یہ برابر کے شریک ہوں گے اور عقاب یہ ہے کہ ان کے خلاف قتال وجہاد کیا جائے گا لہٰذا یہ کہنا غلط ہے کہ اس جرم میں صرف وہ افغانی شامل ہیں جنہوں نے امریکہ کا ساتھ دیا بلکہ جس جس نے بھی امریکی افواج کا ساتھ دیا ہے جرم میں سب برابر شریک ہیں۔

مقصد یہ ہے کہ آج جن صلیبی طاقتوں نے افغانستان کے مسلمانوں پر ظلم وستم کے پہاڑ ڈھائے ہیں اور ناحق خون کی ندیاں بہائی ہیں ان کی ماؤں بیٹوں، بزرگوں، بچوں کی عزتیں پامال کی ہیں یہ سب کا سب پاکستانی حکومت وافواج کے مکمل تعاون اوران کی مخبری سے ممکن ہوا ہے جو کہ یقینی طور پر ایک مجرمانہ اور ذلیل حرکت ہے لہٰذا ان کے شروفساد کو دفع کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے کیونکہ تمام دنیا کے مسلمان ایک جسم کی مانند ہیں جنہیں حدود وقیود کی تفریق جدا نہیں کرسکتی ان میں فضیلت کی چیز تقویٰ اور عملِ صالح ہے چنانچہ نبی علیہ السلام کا فرمان ہے: ’’مومنین کی مؤدت رحم دلی، باہمی پیار کی مثال اس طرح ہے جس طرح ایک جسم اگر اس کے ایک عضو کو تکلیف ہوتی ہے تو سارا جسم پوری رات تکلیف یا بخار محسوس کرتا ہے‘‘۔(رواہ احمد ،مسلم)

لہٰذا جو دشمنی آج مسلمان افغانستان میں پارہے ہیں وہی دشمنی انہیں پاکستان میں مل رہی ہے اور افغانستان جو دشمنی اور زیادتی کررہا ہے وہی پاکستان کررہا ہے۔لہٰذا تمام مسلمانوں کے لئے ضروری ہے کہ مل کر اس کا مقابلہ کریں اور مسلمانوں کی مدد کریں۔

پاکستانی افواج کے خلاف قتال کے بہت سارے اسباب ہیں مگر میں نے تین اسباب بیان کئے ہیں کیونکہ یہ اسباب اصول کا درجہ رکھتے ہیں میرا مقصد حصر کرنا نہیں بلکہ ان کی طرف اشارہ ہی عقل

مندوں کے لئے کافی ہے۔

پاکستان کے مسلمانوں پر خاص طور پر ان کے علماء پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ اس واجب کو ادا کرنے کے لئے اٹھ کھڑے ہوں اللہ تعالیٰ ان کے لئے آسانیاں پیدا کرے گا،ان کے لئے اسباب وسائل پیدا فرمادے گا اورانہیں شیطان کے مکر وفریب سے بچنا چاہیئے خواہشات کی تکمیل کی بجائے شریعت کی اطاعت پر متوجہ ہوں اورانہیں یہ بات سمجھ لینی چاہیئے کہ جہاد کو چھوڑ نا بہت بڑا فتنہ ہے جیسا کہ اللہ کا فرمان ہے﴿ وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَ لَا تَفْتِنِّيْ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا وَ اِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ بِالْكٰفِرِيْنَ(توبۃ:49)﴾''ان میں سے کوئی تو کہتا ہے کہ مجھے اجازت دیجئے مجھے فتنے میں نہ ڈالئے آگاہ رہو وہ تو فتنے میں پڑ چکے ہیں اور یقیناً دوزخ کافروں کو گھیر لینے والی ہے''۔

لہٰذا جو بھی جہاد سے راہ فرار اختیار کرے گا وہ فتنوں میں پڑ جائے گا اور ایسے فتنے جس کی انتہاء اللہ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا﴿فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖۤ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ(نور:63)﴾''جولوگ حکم رسول کی مخالفت کرتے ہیں انہیں ڈرنا چاہیئے کہ کہیں ان پر کوئی زبردست آفت نہ آپڑے یا انہیں دردناک عذاب نہ پہنچے''۔

ہم تمام قسم ظاہر، باطنی کے فتنوں سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں اور ہم اللہ سے سوال کرتے ہیں کہ وہ ہمیں حق پر گامزن رکھے ہدایت پر قائم رکھے جب ہم اس سے ملیں تو وہ ہم سے راضی ہو اور ہم جہاد کے راستے پر چل رہے ہوں جو ہمارے لئے گواہی دے۔

انه سميع مجيب والحمد لله اولا وآخرا

الجمعة 16/ربيع الاول /1430هجرى

اخوانکم فی الاسلام

مسلم ورلڈ ڈیٹا پروسیسنگ پاکستان